بے روح کی طرح بے کار و بے مصرف ہو کر رہ گئی ہوں لیکن اس کے باوجود لائق مؤلف نے اس خاص عنوان کی نسبت اقبال کے کلام کی تشریح اس طرح کی ہے کہ پڑھنے والے کے دل سے سرے سے اسلامی عبادات و رسوم اور شریعت و تصوف کے حدود و ظاہری و باطنی کی عظمت و اہمیت ہی نکل جاتی ہے یہ اور اسی طرح کی چند فروگذاشتوں اور بے اعتدالیوں کے علاوہ کتاب مجموعی حیثیت سے مفید اثر انگیز اور ولولہ آفریں ہے اور اقبالیات کے طالب علم کے مطالعہ کے لائق ہے

قطعات و رباعیات اکبر الہ آبادی حصہ دوم مرتبہ جناب بھیا احسان الحق صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۲۴۰ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد تین روپیہ چھ آنے شائع کردہ بزم اکبر کراچی نمبر ۴

بزم اکبر کراچی نے جس کا ذکر انھیں صفحات میں پہلے آچکا ہے حضرت اکبر الہ آبادی سے متعلق کتابیں شائع کرنے کا جو پروگرام بنایا ہے، یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اس میں حضرت لسان العصر کے قطعات و رباعیات جن کی تعداد تین سو بیاسی ہے تیرہ ابواب میں مختلف عنوانات کے ماتحت مرتب و مہذب کر کے شائع کئے گئے ہیں ان ابواب کے عنوانات یہ ہیں۔ حمد و دعا اور نعت و منقبت۔ اسلامیات و عرفانیات اسلام سے بے گانگی۔ دین و دانش۔ لامذہبی۔ پند و موعظت۔ اخلاق و معاشرت۔ بصائر و حکم۔ قومیات و سیاسیات۔ طنزیات۔ تقلید فرنگ۔ انگریز اور انگریزی حکومت۔ ادبی چٹکلے اور شعری لطائف اس مجموعہ کا ہر قطعہ اور ہر رباعی ادب و حکمت کا انمول موتی ہے جس پر اردو زبان و شعر کو بجا طور پر فخر و ناز ہو سکتا ہے پھر لائق مرتب نے جگہ جگہ ان قطعات و رباعیات پر تشریحی نوٹ لکھ کر اس مجموعہ کی افادیت کو دو چند کر دیا ہے اس بناء پر یہ اس لائق ہے کہ ہر صاحب ذوق اس کا مطالعہ کرے اور اس کا انتخاب اپنے بچوں اور بچیوں کو پڑھائے۔ بزم اکبر کی یہ کوشش سزاوار تحسین و لائق صد آفریں ہے کہ وہ اردو کے ایک پوشیدہ خزانہ کو اس طرح وقف عام کر رہی ہے۔

اکبر اس دور میں مرتبہ جناب اختر انصاری اکبر آبادی تقطیع کلاں ضخامت ۳۳۶ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت پانچ روپیہ شائع کردہ بزم اکبر کراچی ملا